خانقاہ حبیب الاولیاء، انٹرنیشنل لاہور پاکستان
عاشقان سوختہ شاہی
اے اللہ میں ہوں غلام در پنجتن پاک
بخشدے مرشد کے رُوئے پر ضیا کے واسطے
شجرہ مبارکہ مداریہ
نقل از اصل من تصنیف حضرت عاشقی صاحب
خاکپائے جانشین مرشد صاحبزادہ سید محمد عثمان علی شاہ مداروی سوختہ
شاہی نقشبندی چشتی ابوالعلائی جہانگیری دامت برکاتہم العالیہ
آستانہ عالیہ بدیعیہ مداریہ طیفوریہ نقشبندیہ

شجرہ مداریہ عاشقان سوختہ ساہی

نقل از اصل من تصنیف حضرت عاشقی صاحب

یا الٰہی اپنی ذات کبریاء کے واسطے
رحم کر مجھ پر محمد مصطفیٰ کے واسطے

میری ہر مشکل کو آساں کر تو اے رب العلاء
اے علی مرتضیٰ مشکل کشا کے واسطے

شاہ دیں اول سجاوندی کا یارب واسطہ
در پہ آیا ہوں ترے عفو خطا کے واسطے

پیر شاہ زین الدین مصری کے لئے
اور یمین الدین شامی باوفا کے واسطے

میرا سینہ نور عرفانی سے تو معمور کر ی
حضرت طیفور شامی پارسا کے واسطے

قبلہ عالم حضرت سید بدیع الدین شہ قطب المدار
ان کو لایا ہوں شفیع اپنی خطا کے واسطے

سلسلہ عالیہ بدیعیہ مداریہ طیفوریہ

مدار عاشقاں سوختہ شاہی

کر منور ظاہر و باطن میرا رب کریم
پیر دین قاضی مطاہر پر ضیاء کے واسطے

رکھ طریقت پر مجھے ثابت قدم مولا میرے
مرشد بابا کپور اہل سخا کے واسطے

سید مولائے خاکی شاہ نیپالی ولی
یعنی سید شاہ مقبول خدا کے واسطے

کر بحق میر میراں عفو سب میرے قصور
سید عبد الواحد صاحب عطا کے واسطے

دین و دنیا میں الٰہی تو مجھے رکھ بامراد
حضرت سلطان شطار بقا کے واسطے

بعد مردن قبر میری نور سے معمور کر
نوری و فتح محمد پر ضیاء کے واسطے

مدار عاشقان سوختہ شاہی

حشر کے دن قبر سے کلمہ تیرا پڑھ کر اٹھوں
حضرت حاجی شاہ بولا مہ لقاء کے واسطے

یاالٰہی مجھ کو آساں ہو وہ راہ پلصراط
یعنی شہ حب علی نور خدا کے واسطے

سایہ دامان مرشد ہو میرے سر پر مدام
شتہ بھڑنگ ہمراہ ہو روز جزا کے واسطے

ساتھ ایمان کے ہو میرا خاتمہ رب غفور
حضرت رحمن شاہ اہل صفا کے واسطے

حضرت قبلہ میاں صاحب

نقل از اصل من تصنیف حضرت عاشقی صاحب

مجھ کو حاصل ہو ہر دم فیض پیران عظام
شہ حسن شاہ طریقت آزما کے واسطے

دے محبت پیر علی شاہ میرے شاہ کی
ہے وہی حامی میرا ہر التجا کے واسطے

دین و دنیا میں مجھے تو سرخرو رکھ اے اللہ
میاں قربان علی شاہ باصفا کے واسطے

بندہ عاجز ہوں یارب کر میری توبہ قبول
میاں فیاض علی عاشقی صوفی بے ریا کے واسطے

ہر گھڑی مجھ پر ہو تیرا سایہ لطف و کرم
مرشد حبیب الاولیاء کی چشم صد عطا کے واسطے

اے اللہ میں ہوں غلام در پنجتن پاک
بخشدے مرشد کے روئے پر ضیا کے واسطے

دعائے عثمان و مرشد ہر دم یہی ہے اے اللہ
ہو میرا ہر دم تیری حمد و ثناء کے واسطے